Write your name here

| Surname | Other names |
| --- | --- |
| | |

# Edexcel GCSE

Centre Number | Candidate Number

# Urdu

## Unit 3H: Reading and Understanding in Urdu

**Higher Tier**

Thursday 16 May 2013 – Morning
**Time: 50 minutes**

Paper Reference
**5UR03/3H**

**You do not need any other materials.**

Total Marks

## Instructions

- Use **black** ink or ball-point pen.
- **Fill in the boxes** at the top of this page with your name, centre number and candidate number.
- Answer **all** questions.
- Answer the questions in the spaces provided – *there may be more space than you need.*
- You must **not** use a dictionary.

## Information

- The total mark for this paper is 40.
- The marks for **each** question are shown in brackets – *use this as a guide as to how much time to spend on each question.*

## Advice

- Read each question carefully before you start to answer it.
- Keep an eye on the time.
- Try to answer every question.
- Check your answers if you have time at the end.

*Turn over* ▶

P42290XA
©2013 Pearson Education Ltd.
1/1/1/1/1/

PEARSON

**Answer ALL questions.**

**Some questions must be answered with a cross in a box ☒. If you change your mind about an answer, put a line through the box ☒ and then mark your new answer with a cross ☒.**

## Celebrations

**1** Seema is describing her cousin's wedding.

پچھلے ہفتے میرے ماموں زاد بھائی کی شادی تھی۔ اس شادی میں لڑکے اور لڑکی والوں نے ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر مہمان بلائے تھے۔ سینکڑوں مہمانوں کو بٹھانے کے لیے ہال میں میز اور کرسیاں اس طرح لگائی گئی تھیں کہ چلنا تو بڑی بات، بیٹھ کر اُٹھنا بھی مشکل تھا۔ مجھے ہال میں اپنے بہت سے رشتہ دار اور دوست نظر آئے لیکن میں اُن میں سے چند سے ہی مِل سکی اور دوسروں کی طرف صرف ہاتھ ہلا کر رہ گئی۔ دُلہا اور دُلہن نے ملتے جلتے رنگ کے کپڑے پہن رکھے تھے۔ وہ بہت دیر تک سٹیج پر نہیں بیٹھے۔ اُن کا زیادہ وقت نیچے اتر کر مہمانوں سے ملنے کی کوشش میں گزرا۔ کھانا بہت اچھا تھا لیکن ہماری میز تک آتے آتے ٹھنڈا ہو چکا تھا۔ لڑکی والوں نے ایک مشہور گانے والے کو بلایا تھا لیکن اس کی طرف کسی نے توجہ نہیں دی کیونکہ لوگوں کو آپس میں اور زور زور سے باتیں کرنے سے فرصت ہی نہ تھی۔

Which statements are correct?

Put a cross ☒ in the **four** correct boxes.

| | | |
|---|---|---|
| **Example:** | Seema attended her cousin's wedding. | ☒ |
| **A** | Most of the guests were from the groom's family. | ☐ |
| **B** | Seating arrangements were not comfortable. | ☐ |
| **C** | She could not meet all her friends. | ☐ |
| **D** | She met most of her friends. | ☐ |
| **E** | The bride and groom wore the same colour. | ☐ |
| **F** | The bride and groom did not leave the stage. | ☐ |
| **G** | It was difficult for the bride and groom to meet all the guests. | ☐ |
| **H** | The guests enjoyed the singing. | ☐ |

**(Total for Question 1 = 4 marks)**

## Work experience

**2** Your friends are talking about their work experience.

علی: میں لوگوں سے پیسے لیتا رہا یا اُنہیں دیتا رہا۔

عذرا: مجھے چھوٹے بچوں کے ساتھ کام کر کے بہت مزہ آیا۔

زاہد: میرا کمپیوٹر پروگرامنگ کا شوق پورا ہو گیا۔

حنا: مجھے سپر مارکیٹ میں کام کرنا بالکل اچّھا نہیں لگا۔

حسن: مجھے کاروں کو تھوڑا بہت ٹھیک کرنا آ گیا۔

What did they work as during their work experience?

Put a cross ☒ in the correct box.

| | **A**<br>**bank cashier** | **B**<br>**car mechanic** | **C**<br>**shop assistant** | **D**<br>**nursery assistant** | **E**<br>**IT worker** |
|---|---|---|---|---|---|
| **Example:** Zahid | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☒ |
| (i) Azra | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (ii) Ali | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (iii) Hassan | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (iv) Hina | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |

**(Total for Question 2 = 4 marks)**

## Lifestyle

**3** Some friends are discussing their eating habits.

**A** حنا : صحت مند رہنے کے لیے میں اپنی غذا کا خیال رکھتی ہوں اور زیادہ چکنائی والی چیزیں نہیں کھاتی۔

**B** زاہدہ: میں کوشش کرتی ہوں کہ زیادہ سے زیادہ سبزیاں اور پھل کھاؤں۔

**C** علی: مجھے پکوڑوں، سموسوں اور کبابوں کے علاوہ کچھ اچھا نہیں لگتا۔

**D** خالد: خدا نے اتنی نعمتیں دی ہیں، اس لیے جو بھی مِل جائے کھا لیتا ہوں۔

**E** شاہد: میں کھانے پینے میں احتیاط نہیں کرتا لیکن ہر روز ورزش ضرور کرتا ہوں۔

What does each person say?

Write the correct letters in the boxes.

| | |
|---|---|
| **Example:** Avoids oily food | *A* |
| (i) Eats anything | |
| (ii) Eats very little meat | |
| (iii) Exercises regularly | |
| (iv) Loves fried food | |

**(Total for Question 3 = 4 marks)**

**BLANK PAGE**

## Education

**4** You receive this email from your pen-friend Imran.

میں نے ابتدائی تعلیم گاؤں میں حاصل کی۔ وہاں ہائی سکول نہ ہونے کی وجہ سے مجھے اپنے بھائی کے پاس لاہور آنا پڑا۔ لاہور میرے گاؤں سے ستّر میل دور ہے۔ روزانہ یہ سفر کرنا نہ تو آسان ہے اور نہ ہی میرے والدین اس کا خرچ برداشت کر سکتے ہیں۔ میرے بھائی کے پاس کئی کمپیوٹر ہیں، اس لیے میں جب چاہوں کمپیوٹر استعمال کر سکتا ہوں۔ میں کمپیوٹر پر صرف سکول کا کام ہی نہیں کرتا بلکہ تفریح کے لیے دوسرے پروگراموں سے بھی لطف اُٹھاتا ہوں۔ لاہور میں بڑی بڑی لائبریریاں ہیں جہاں میرا شاعری کا شوق پورا ہوتا رہتا ہے۔ میری بھابھی بہت محبت کرنے والی خاتون ہیں۔ وہ میرا بہت خیال رکھتی ہیں، کوئی بھی مشکل ہو میری مدد کے لیے موجود ہوتی ہیں۔ کھانے تو وہ اتنے مزے دار بناتی ہیں کہ انسان انگلیاں چاٹتا رہ جائے۔

Answer the following questions **in English**.

(a) Why did Imran move to Lahore?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(b) Why can't he travel daily? Give **two** details.

**(2)**

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

(c) Why is it easy for him to use a computer?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(d) Apart from school work, what else does he do on the computer?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(e) What type of books does he like to read?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(f) What does he say about his sister-in-law? Give **two** details.

**(2)**

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

**(Total for Question 4 = 8 marks)**

## Films

**5** Some friends are discussing their film choices.

بانو: مجھے پرانی فلمیں پسند ہیں۔اُن کی کہانیاں بہت اچھّی ہوتی تھیں۔

اختر: مجھے ایسی فلمیں پسند ہیں جن میں لڑائی اور مار پِیٹ ہوتی ہے۔

طاہر: مجھے تو ناچ گانے والی فلمیں زیادہ اچھّی لگتی ہیں۔

ارم: میرے خیال میں اچھی فلمیں تو ہنسنے ہنسانے والی ہوتی ہیں۔

زاہد: میں تو صرف اپنے پسندیدہ ہیرو کی فلمیں دیکھتا ہوں۔

What is important to them when choosing a film?

Put a cross ☒ in the correct box.

| | A<br>action | B<br>music & dance | C<br>good story | D<br>comedy | E<br>favourite star |
|---|---|---|---|---|---|
| **Example:**<br>Zahid | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☒ |
| (i) Iram | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (ii) Tahir | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (iii) Bano | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (iv) Akhtar | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |

**(Total for Question 5 = 4 marks)**

## School meals

**6** Join the **two** parts together to make complete sentences.

| | |
|---|---|
| (i) چند سال پہلے تک سکول کے | **A** بچّوں کو زیادہ پسند نہیں آئے۔ |
| (ii) اب ان کھانوں میں بہت | **B** ہو گئے ہیں اور شوق سے کھاتے ہیں۔ |
| (iii) ان میں چکنائی، چینی اور نمک کی | **C** بڑی تبدیلی آ گئی ہے۔ |
| (iv) شروع میں تو یہ کھانے | **D** مقدار بہت کم ہو گئی ہے۔ |
| (v) لیکن اب وہ ان کے عادی | **E** کھانے غیر صحت مند ہوتے تھے۔ |

Write the correct letters in the boxes.

| | |
|---|---|
| **Example:** (i) | E |
| (ii) | |
| (iii) | |
| (iv) | |
| (v) | |

**(Total for Question 6 = 4 marks)**

**Job advert**

**7** You see this advertisement in your local paper.

نرالا ریسٹورینٹ

ضرورت ہے

ہمیں اپنے ریسٹورینٹ میں کام کرنے کے لیے ایک محنتی اور تجربہ کار ویٹر کی ضرورت ہے۔

☆ یہ کام تین مہینوں کے لیے ہے
☆ انگریزی کے ساتھ اردو اور پنجابی زبانیں بولنا ضروری ہے
☆ گاہکوں سے ادب سے پیش آنا لازمی ہوگا
☆ وردی پہننا لازمی ہوگا

کام کے اوقات شام پانچ بجے سے رات بارہ بجے تک ہوں گے۔ ہفتے اور اتوار کی شام کو کام کرنے پر دوگنی تنخواہ ملے گی۔

مزید معلومات کے لیے 30 جون سے پہلے فون نمبر 444666 پر رابطہ کریں۔

Look at the words in the table below.

| A | B | C | D | E |
|---|---|---|---|---|
| دو | مستقل | بدتمیزی | سات | باورچی |
| **F** | **G** | **H** | **I** | **J** |
| تمیز | آٹھ | ویٹر | تین | عارضی |

Write the letter matching the correct word to complete the following sentences about the job being advertised.

**Example:** ریسٹورینٹ میں [H] کا کام کرنا ہوگا۔

(i) یہ کام [ ] ہے۔

(ii) انگریزی کے علاوہ [ ] زبانوں کا جاننا ضروری ہے۔

(iii) روزانہ [ ] گھنٹے کام کرنا ہوگا۔

(iv) اُن کو گاہکوں سے [ ] سے پیش آنا ہوگا۔

**(Total for Question 7 = 4 marks)**

## A trip to Pakistan

**8** You read the following about Khalid’s first visit to Pakistan.

میں پچھلی چھٹیوں میں پہلی مرتبہ پاکستان گیا تھا اور وہ بھی اکیلا۔ میرے والدین چاہتے تھے کہ میں پاکستان کا حال خود جا کر دیکھوں۔ میں نے وہاں کے متعلق سنا تو بہت تھا لیکن دیکھنے کا اتفاق اب ہوا۔ پاسپورٹ دکھانے کے لیے جب میں آگے بڑھا تو یہ دیکھ کر حیرانی ہوئی کہ بہت سے لوگ قطار توڑ کر آگے جا رہے تھے۔ ان میں اکثر وہ لوگ تھے جو برطانیہ میں ہر کام کے لیے قطار بناتے ہیں۔ میں نے پورٹر سے سامان اٹھوانے کا ارادہ تو کیا تھا مگر اس نے پونڈ مانگے جو میرے پاس نہیں تھے۔ لہٰذا میں اپنا سامان اٹھا کر باہر آ گیا۔ ہوائی اڈّے سے نکلتے ہی گرم ہوا کے تھپیڑوں نے استقبال کیا۔ ماموں نے مجھے فوراً پہچان لیا حالانکہ ہم پہلے کبھی نہیں ملے تھے۔ لگتا تھا کہ انہوں نے مجھے سالگرہ کی وڈیو میں دیکھا ہوگا۔ مجھے شالیمار باغ اور بادشاہی مسجد دیکھنے کا بہت شوق تھا لیکن لاہور سے نکلتے ہوئے صرف مینارِ پاکستان ہی نظر آیا۔ گھر پہنچے تو دو چیزوں نے اور حیران کیا۔ میں نے اتنی محنت سے اردو سیکھی تھی لیکن یہاں سب کو پنجابی بولتے سنا۔ جتنے لوگ ملنے آئے سب پتلون قمیص میں تھے۔ وہ میری شلوار قمیص دیکھ کر نہ جانے کیوں مسکرا رہے تھے۔ ممانی نے میرے لیے طرح طرح کے کھانے بنائے تھے لیکن مجھے سرسوں کا ساگ بہت پسند آیا اور میرا پیٹ اسی سے بھر گیا۔



P 4 2 2 9 0 X A 0 1 2 1 6

Put a cross ☒ in the correct box.

**Example:** خالد پاکستان اکیلا کیوں گیا تھا؟

| | | |
|---|---|---|
| ☒ | **A** | تجربہ حاصل کرنے کے لیے |
| ☐ | **B** | شادی کرنے کے لیے |
| ☐ | **C** | ماں باپ سے ملنے کے لیے |

(i) خالد حیران کیوں ہوا؟

| | | |
|---|---|---|
| ☐ | **A** | لوگ قطار میں کھڑے تھے |
| ☐ | **B** | لوگ قطار توڑ رہے تھے |
| ☐ | **C** | لوگ شور مچا رہے تھے |

(ii) خالد نے اپنا سامان کیوں اُٹھایا؟

| | | |
|---|---|---|
| ☐ | **A** | کنجوس تھا |
| ☐ | **B** | روپے نہیں تھے |
| ☐ | **C** | پونڈ نہیں تھے |

(iii) لاہور میں موسم کیسا تھا؟

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** گرم |
| ☒ | **B** ٹھنڈا |
| ☒ | **C** برسات |

(iv) ماموں نے اُسے کیسے پہچانا؟

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** پہلے مِل چکے تھے |
| ☒ | **B** تصویر دیکھی تھی |
| ☒ | **C** اندازہ لگایا تھا |

(v) اُس نے راستے میں کیا دیکھا؟

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** مینارِ پاکستان |
| ☒ | **B** شاہی قلعہ |
| ☒ | **C** راوی کا پُل |

(vi) خالد نے اردو کیوں سیکھی تھی؟

| | |
|---|---|
| A پاکستان میں بولنے کے لیے | ☒ |
| B امتحان پاس کرنے کے لیے | ☒ |
| C نوکری حاصل کرنے کے لیے | ☒ |

(vii) لوگ اُسے دیکھ کر کیوں مسکرا رہے تھے؟

| | |
|---|---|
| A مغربی لباس کی وجہ سے | ☒ |
| B مشرقی لباس کی وجہ سے | ☒ |
| C غیر ملکی ہونے کی وجہ سے | ☒ |

(viii) خالد نے دوسرے کھانے کیوں نہیں کھائے؟

| | |
|---|---|
| A ساگ زیادہ کھا لیا تھا | ☒ |
| B گوشت زیادہ کھا لیا تھا | ☒ |
| C پھل زیادہ کھا لیا تھا | ☒ |

**(Total for Question 8 = 8 marks)**

---

**TOTAL FOR PAPER = 40 MARKS**



P 4 2 2 9 0 X A 0 1 5 1 6

**BLANK PAGE**